NYC Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

30 جنوری، 2017

عزیزی طلبا اور اہلِ خانہ،

نیویارک شہر محمکئہ تعلیم (DOE) اور میئر کا دفتر نیویارک شہر کے ہر طالب علم کے پبلک اسکول میں شرکت کرنے کے حق کے تحفظ کے لیے پابندِ عہد ہیں، انکی نقل وطنی کی حیثیت سے قطعہ نظر۔ ریاستہائے متحدہ کا سپریم کورٹ تمام طلبا کے لیے پبلک تعلیم کی اہمیت کو تسلیم کرتا ہے، بشمول بغیر دستاویز والے طلبا کے۔ آپکا بچہ ہماری اولین ترجیح ہے، اور ہم اس حق کا تحفظ کرنے اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ تمام طلبا معیاری تعلیم حاصل کریں، ہمارے اختیار میں جو کچھ ہے کریں گے۔

ہم اپنی متنوع آبادی پر فخر کرتے ہیں۔ نقل وطن والدین، طلبا، پرنسپل، اساتذہ اور دیگر عملہ وہ جز ہیں جو ہمارے اسکولوں، اور نیویارک شہر کو حیرت انگریز، مضبوط، اور خوش نما جگہیں بناتے ہیں۔ چاہے آپ اور آپکا خاندان 100 برس پہلے آیا تھا یا 100 ایام پہلے— آپ نیویارک کے مکین ہیں— اور ہم آپکے ساتھ کھڑے ہیں۔

یہ یقینی بنانے میں مدد کرنے کے لیے کہ تمام بچے ایک محفوظ، شفیق ماحول میں تعلیم پائیں، ہم اپنے اسکولوں میں عملے کے ممبران کو ذیل کی ہدایات فراہم کررہے ہیں:

ماضی کی مانند، DOE کا عملہ کسی طالب علم یا خاندان کے رکن کی نقل وطنی کی حیثیت کا ریکارڈ نہیں رکھے گا۔ اگر آپ اپنے یا اپنے خاندان کے متعلق حساس معلومات بانٹتے ہیں شہر کی رازداری کی پالیسی اور چانسلر کے ضابطے تقاضہ کرتے ہیں کہ ہم انہیں خفیہ رکھیں۔

DOE کا عملہ نقل وطنی اور کسٹم نفاذ (ICE) ادارے کو لامحدود رسائی کی اجازت نہیں دے گا۔ قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں کی مانند، ICE کو اسکولوں میں بغیر مناسب قانونی اختیار کے اسکول تک رسائی کی اجازت نہیں ہے۔ اگر ICE افسران اگر نقل وطنی کے نفاذ کے لیے اسکول جائیں گے تو انکو پرنسپل کے پاس بھیجا جائے گا، جو مناسب کارروائی کریں گے۔

DOE نے طلبا کی معلومات بغیر ایک قانونی سمن یا والدین کی اجازت کے افشا نہیں کرے گا تاوقتیکہ یہ قانون کا تقاضہ ہو۔

ہمارے اسکولوں میں نقل وطنی کی قانونی خدمات تلاش کرنے والے کسی بھی شخص کو ActionNYC کا حوالہ دیا جائے گا۔
ActionNYC ایک پروگرام ہے جو پُراعتماد اجتماعی اداروں کی جانب سے آپکی برادریوں اور آپکی زبان میں نقل وطنی کے بارے میں مفت، محفوظ قانونی مدد فراہم کرتا ہے۔

نیویارک کے تمام مکین، نقل وطنی کی حیثیت سے قطعہ نظر، شہر کی خدمات تک رسائی حاصل کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ 311 سے رابطہ کریں یا میئر کے دفتر برائے نقل وطنی معاملات کی جانب سے مزید معلومات کے لیے nyc.gov/immigrants پر جائیں۔ اسکے علاوہ، DOE کی ویب سائٹ http://schools.nyc.gov/AboutUs/schools/SupportingAllStudents.htm پر وسائل دستیاب ہیں۔ ہماری ویب سائٹ کے اس جز کو آنے والے ہفتوں میں توسیع دی جائے گی۔

اسکولی عملہ یقینی بنائے گا کہ تمام طلبا ایک محفوظ اور معاونتی تدریسی ماحول میں ہیں۔ DOE کی پالیسی محفوظ اور مشمولاتی اسکول قائم رکھنا ہے جو اصل یا متصور نسل، رنگ، مذہب، عمر، عقیدہ، قومیت، قومی نژاد، غیرملکی حیثیت، شہریت کی صورتِ حال، معذوری، جنسی رجحان، صنعف (جنس)، یا وزن کی بنیاد پر ایذا رسانی، غنڈہ گردی اور امتیازیت سے مبرا ہیں۔ کسی بھی واقعے یا تشویش کی اسکولی عملے سے فورا رپورٹ کی جانی لازمی ہے، جو تحقیق کرکے فوری کارروائی کریں گے۔

اپنے بچے کی تعلیم کے لیے ہم پر بھروسہ کرنے کے لیے آپکا شکریہ۔ اپنے 1.1 ملین طلبا کو کامیابی کی راہ پر گامزن کرنے سے بڑھ کر کوئی اور چیز اہم نہیں ہے۔

بخلوص،

Carmen Fariña
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

Nisha Agarwal
کمشنر
مئیر کا دفتر برائے امورِ نقل وطنی